**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

Central Media Department

## پشاور میں انصاف لائرز فورم خیبر پختونخوا کے جنرل سیکرٹری علی زمان پر نامعلوم افراد کے قاتلانہ حملے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے علی زمان ایڈووکیٹ پر قاتلانہ حملے کی شدید مذمت

مرکزی سیکرٹری اطلاعات رؤف حسن پر قاتلانہ حملے کے بعد علی زمان ایڈووکیٹ کو جان سے مارنے کی کوششوں کے پسِ پردہ محرکات کو خوب سمجھتے ہیں، وفاقی ایجنسیوں کے عزائم واہداف اور ان کے طریقۂ واردات سے قوم پوری طرح آگاہ ہو چکی ہے،

9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں ریاستی فسطائیت کا نشانہ بننے والے بے گناہ سیاسی کارکنوں اور شہریوں کیلئے حصولِ انصاف کی کوششیں علی زمان ایڈووکیٹ کا سب سے بڑا جرم ہے، صوبائی اسمبلی کی نشست پر اپنی فتح کو فارم 47 کے ذریعے شکست میں بدلنے کے ریاستی مینڈیٹ چوروں کے ڈاکے کو تسلیم نہ کرنا علی زمان ایڈووکیٹ کا دوسرا بڑا جرم ہے، صوبائی حکومت وفاقی ایجنسیوں کے گھناؤنے کردار کو سامنے رکھ کر علی زمان ایڈووکیٹ کے قتل کی سازش رچانے والوں کا سراغ لگائے اور انہیں قانون کی گرفت میں لائے، ترجمان تحریک انصاف

علی زمان ایڈووکیٹ کی جلد اور مکمل شفایابی کیلئے دعا گو ہیں، ریاستی مشینری چن چن کر بھیڑ بکریوں کیطرح شہریوں کی گردنیں کاٹنے کی نہیں ان کی جان، مال آبرو کی حرمت کے از حد احترام کی پابند ہے، ترجمان تحریک انصاف

آئین شہریوں کی جان، مال، آبرو کی حفاظت کا ضامن ہے اور عدلیہ اس کے تحفظ کی پابند ہے، کمزوری اور ناکامی دکھا کر نظامِ عدل پر عوام کے اعتماد کو مجروح نہ کیا جائے نہ ہی انہیں اپنی حفاظت کیلئے قانون ہاتھ میں لینے کا منفی پیغام دیا جائے،

سیاسی کارکنان اور قائدین پر قاتلانہ حملوں کو انفرادی واقعات سمجھنے کی بجائے عدلیہ اسے مجموعی ریاستی فسطائیت کے ضمن میں دیکھے اور شہریوں کے خون کے پیاسے جنگل راج کو قانون کی نکیل ڈالے، ترجمان تحریک انصاف

آئین و قانون کو شہریوں کی جان مال کی سلامتی کا ضامن نہ بنایا گیا تو ملک بدترین اندرونی خلفشار کی زد میں آسکتا ہے جس کی تمام ذمہ داری جنگل کے بادشاہ، اس کے چھرا اسکواڈ اور اس کی ایماء پر قانون کی دھجیاں اڑانے والے سیاسی وانتظامی مہرے ہوں گے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ